کتاب کا نام : قاموس اصطلاحات

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر مولانا ساجد الرحمٰن صدیقی

ناشر : دار الاشاعت اردو بازار کراچی ۲۰۰۶ء

قیمت وصفحات : درج نہیں۔۱۴۴ صفحات

ڈاکٹر مولانا ساجد الرحمٰن صدیقی مشہور دینی، علمی خاندان کے چشم و چراغ اور حضرت مولانا مفتی اشفاق الرحمٰن کاندھلوی کے نامور فرزند ارجمند ہیں۔ ابتدائی تعلیم اپنے والد محترم اور مولانا محمد مالک کاندھلوی اور مولانا جمشید علی صاحب سے حاصل کی۔ درس نظامی کی تکمیل دار العلوم اسلامیہ (ٹنڈوالہ یار) سے تقریباً چالیس پہلے اور وقت کے جید علماء حضرت مولانا ظفر احمد عثمانیؒ، حضرت مولانا لطافت الرحمٰن، حضرت مولانا عبد الرشید نعمانیؒ اور حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ سے خصوصی علم وروحانی استفادہ کیا۔ سندھ یونیورسٹی سے ایم اے (عربی) امتیاز کے ساتھ پاس کر کے گولڈ میڈل حاصل کیا بعد ازاں پنجاب یونیورسٹی سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری حاصل کی اور ایک طویل عرصہ بیرون ملک یونیورسٹیوں میں استاذ الحدیث کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ عملی زندگی علوم نبوت کی نشر واشاعت، قال اللہ وقال الرسول کی تدریس اور دین کی سر بلندی وسرخروئی میں بسر ہو رہی ہے۔

مصنف مدظلہم کی عربی، انگریزی، اور اردو تینوں زبانوں میں تصانیف ہیں اور متعدد اہم علمی مراجع کا اردو میں ترجمہ ہے جن میں حضرت شاہ ولی اللہؒ کی '' **عقد الجید فی احکام الاجتهاد و التقلید** '' کا ترجمہ سر فہرست ہے جس پر حضرت بنوریؒ کے کلمات ستائش مرقوم ہیں۔

تصانیف: ۱۔ کتابۃ الحدیث باقلام الصحابہؓ ۲۔ نشاۃ علوم الحدیث وتطورھا، ۳۔ مناھج واسالیب دعوۃ الرسولؐ ۴۔ اسلام کا نظام پولیس اور احتساب، ۵۔ عرف وعادت اسلامی قانون کی نظر میں، ۶۔، اسلامی فقہ کی اصول ومبادی، ۷۔ فقہ اسلامی کا تاسیسی پس منظر، ۸۔ کتابت حدیث صحابہ کرامؓ کے قلم سے۔ Studies in Islamic Juricprudence

بیس سے زائد اہم عربی کتب کا اردو ترجمہ

ڈاکٹر صاحب کی یہ کتاب اصطلاحات حدیث پر مختصر و جامع کوشش ہے پوری کتاب ابجدی ترتیب پر مرتب کی گئی ہے اصطلاحات حدیث کی مختصر انداز میں وضاحت کی ہے اور مزید بحث کیلئے راہنمائی کردی ہے کتاب میں اگر حوالہ جات کا اضافہ ہو جاتا تو یقیناً اس کی افادیت دوبالا ہو جاتی۔ عربی زبان میں اس موضوع پر متعدد مختصر و مفصل کتابیں لکھی گئی ہیں اردو میں بھی کچھ کام ہوا ہے لیکن یہ مبتدی طلباء و ریسرچ اسکالر کے لئے بہت عمدہ ہے